اور قرآن مجید کو ترتیل کے ساتھ پڑھو {القرآن}



اللہ تعالیٰ کو پسند ہے کہ قرآن جس طرح اترا ہے اسی طرح پڑھا جائے۔ {حدیث نبوی ﷺ}

## بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۝

## نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

**عزیز بچو!** قرآن مجید وہ مقدس کتاب ہے جس کی تلاوت عظیم اجر وثواب کا باعث ہے۔اس کا ایک حرف پڑھنے سے دس نیکیاں ملتی ہیں۔اٹکنے والوں کو مشقت کی وجہ سے دگنی نیکیاں عطا ہوتی ہیں۔**اور ماہر قرآن کو قیامت کے دن مقرب فرشتوں کی صف میں کھڑا کیا جائے گا۔** قرآن مجید اپنے پڑھنے والوں کے لیے قیامت کے دن سفارشی بن کر آئے گا۔**تلاوت قرآن کا بھرپور اجر وثواب اس امر پر موقوف ہے کہ تلاوت پورے قواعد وضوابط اور اصول وآداب کے ساتھ کی جائے۔**

اور قرآن مجید کو ترتیل کے ساتھ پڑھو {القرآن}



اللہ تعالیٰ کو پسند ہے کہ قرآن جس طرح اترا ہے اسی طرح پڑھا جائے۔ {حدیث نبوی ﷺ}

قرآن مجید کی تلاوت صحیح تلفظ کے ساتھ کرنے کو ''تجوید'' کہتے ہیں۔ اور ''تجوید'' دراصل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ''طریقۂ تلاوت'' کا ہی ایک نام ہے۔ ہر مسلمان کے لیے ضروری ہے کہ قرآن مجید کی تلاوت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ''طریقۂ تلاوت'' کے مطابق کرے۔ **تو آیئے!**

پہلے ''**تجویدی قاعدہ**'' سیکھیے۔ تاکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم جیسا پڑھنا آسان ہو جائے۔

# بچوں کے لیے تجویدی قاعدہ

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ۝ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۝

## قرآنی حروف مفردات کی ادائیگی کی پہچان

(حروف مفردات): کہنے کو تو یہ (الف با تا اور ثا) ہیں۔ مگر قرآن مجید کا صحیح تلفظ اور لب ولہجہ کی بنیاد انہی حروف کی درست ادائیگی پر موقوف ہے۔لہٰذا ان حرفوں کو صحیح تلفظ اور درست ادائیگی کے ساتھ پڑھنے پر، جس کو جتنی قدرت حاصل ہو جائے گی۔تو وہ اُتنے ہی آسانی سے قرآن مجید کے صحیح تلفظ کو پالے گا۔ان شاءاللہ تعالیٰ

### حروف مفردات کو کھینچنے یا نہ کھینچے کے لحاظ سے طریقہ یہ ہوگا کہ

- جس حرف کی آواز کے دو حرف ہوں، اُسے تھوڑا سا کھینچ کر پڑھیں، جیسے: {بَا-تَا-ثَا}
- جس حرف کی آواز کے تین حرف ہوں، اُسے دوگنا کھینچ کر پڑھیں، جیسے: {جیم-عین-نون}
- {الف اور ہمزہ} کو بغیر کھینچے پڑھیں۔ ان کو کھینچ کر (اَلِیْف ، هَامْزَهْ) نہ پڑھیں۔

آیئے! ''قرآنی حروف مفردات'' کی صحیح تلفظ کے ساتھ مشق کیجئے اور ہر حرف کی ادائیگی کے نقشہ پر توجہ مرکوز کیجئے:


# بچوں کے لیے تجویدی قاعدہ

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ○ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

## قرآنی حروف مفردات کی ادائیگی کی پہچان

**طریقه:** دوحرفی (تھوڑا سا کھینچ کر) • تین حرفی (دوگنا کھینچ کر) • الف، همزه (بغیر کھینچے پڑھیں)

الف کی ادائیگی میں: اَ کو بغیر کھینچے لِ کو 'فُ' کے ساتھ فوراً ملائیں۔ یعنی (**الف**) آیئے مشق کیجئے

| | | |
|---|---|---|
| ا | اَلِفُ |  ادائیگی میں زبان اور ہونٹوں کی کیفیت |

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ○ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

# قرآنی حروف مفردات کی ادائیگی کی پہچان

**طریقہ:** دوحرفی (تھوڑا سا کھینچ کر) ● تین حرفی (دوگنا کھینچ کر) ● الف، ھمزہ (بغیر کھینچے پڑھیں)

**با کی ادائیگی میں:** ہونٹوں کے گیلے حصے کو سختی سے ملا کر (باریک آواز میں) پڑھیں۔ یعنی (با)۔ آیئے مشق کیجئے


| | | |
|---|---|---|
|  | بَا | ب |

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ○ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

# قرآنی حروف مفردات کی ادائیگی کی پہچان

**طریقہ:** دوحرفی (تھوڑا سا کھینچ کر) ● تین حرفی (دوگنا کھینچ کر) ● الف، ھمزہ (بغیر کھینچے پڑھیں)

**تا کی ادائیگی میں:** زبان کی نوک کو، سامنے والے اوپر کے دو دانتوں کی جڑ سے لگا کر (باریک آواز میں) پڑھیں۔ یعنی (تا)۔ آیئے مشق کیجئے



| | | |
|---|---|---|
| | تَا | ت |


# بچوں کے لیے تجویدی قاعدہ

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ○ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

## قرآنی حروف مفردات کی ادائیگی کی پہچان

**طریقہ:** دوحرفی (تھوڑا سا کھینچ کر) ● تین حرفی (دوگنا کھینچ کر) ● الف، ھمزہ (بغیر کھینچے پڑھیں)

ثا کی ادائیگی میں: زبان کی نوک کو، سامنے والے اوپر کے دو دانتوں کے اندرونی کناروں سے نرمی سے لگا کر (باریک آواز میں) پڑھیں۔ یعنی (ثا)۔ آیئے مشق کیجئے

| | | |
|---|---|---|
| ث | ثَا |  |


# بچوں کے لیے تجویدی قاعدہ

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ○ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

## قرآنی حروف مفردات کی ادائیگی کی پہچان

**طریقہ:** دوحرفی (تھوڑا سا کھینچ کر) ۔ تین حرفی (دوگنا کھینچ کر) ۔ الف، ہمزہ (بغیر کھینچے پڑھیں)

**جیم** کی ادائیگی میں: زبان کے درمیان کو، تالو کے ساتھ سختی سے لگا کر (باریک آواز میں) پڑھیں۔ یعنی (**جیم**)۔ آیئے مشق کیجئے

| | | |
|---|---|---|
| ج | جِيْمْ |  |


# بچوں کے لیے تجویدی قاعدہ

أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ○ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

## قرآنی حروف مفردات کی ادائیگی کی پہچان

**طریقہ:** دوحرفی (تھوڑا سا کھینچ کر) ● تین حرفی (دوگنا کھینچ کر) ● **الف، ھمزہ** (بغیر کھینچے پڑھیں)

**حا کی ادائیگی میں:** زبان کی جڑ کو، حلق کی طرف مضبوطی سے دباتے ہوئے (باریک اور رگڑ کھاتی سانس میں) پڑھیں۔ یعنی (**حا**)۔ آیئے مشق کیجئے

| | | |
|---|---|---|
| ح | حَا |  |


# بچوں کے لیے تجویدی قاعدہ

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ○ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

## قرآنی حروف مفردات کی ادائیگی کی پہچان

**طریقہ:** دو حرفی (تھوڑا سا کھینچ کر) ● تین حرفی (دوگنا کھینچ کر) ● الف، ہمزہ (بغیر کھینچے پڑھیں)

**خا** کی ادائیگی میں: زبان کی جڑ کو، تالو کی طرف بلند کرتے ہوئے (موٹی آواز میں) پڑھیں۔ یعنی (**خا**)۔ آیئے مشق کیجئے

| | | |
|---|---|---|
| خ | خَا |  |


# بچوں کے لیے تجویدی قاعدہ

أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ○ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

## قرآنی حروف مفردات کی ادائیگی کی پہچان

**طریقہ:** دو حرفی (تھوڑا سا کھینچ کر) تین حرفی (دوگنا کھینچ کر) الف، ھمزہ (بغیر کھینچے پڑھیں)

**دال کی ادائیگی میں:** زبان کی نوک کو، سامنے والے اوپر کے دو دانتوں کی جڑ سے لگا کر (باریک آواز میں) پڑھیں۔ یعنی (دال)۔ آیئے مشق کیجئے

| | | |
|---|---|---|
| د | دَال |  |


# بچوں کے لیے تجویدی قاعدہ

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ○ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

## قرآنی حروف مفردات کی ادائیگی کی پہچان

**طریقہ:** دوحرفی (تھوڑا سا کھینچ کر) ● تین حرفی (دوگنا کھینچ کر) ● الف، ھمزہ (بغیر کھینچے پڑھیں)

**ذال کی ادائیگی میں:** زبان کی نوک کو، سامنے والے اوپر کے دو دانتوں کے اندرونی کناروں سے نرمی سے لگا کر (باریک آواز میں) پڑھیں۔ یعنی (ذال) آیئے مشق کیجئے


| | | |
|---|---|---|
| ذ | ذَال |  |

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ○ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ○

# قرآنی حروف مفردات کی ادائیگی کی پہچان

**طریقہ:** دوحرفی (تھوڑا سا کھینچ کر) ● تین حرفی (دوگنا کھینچ کر) ● الف، ھمزہ (بغیر کھینچے پڑھیں)

**دا کی ادائیگی میں:** زبان کی نوک کی پشت کو، اوپر والے دانتوں کے مسوڑھوں سے لگا کر (موٹی آواز میں) پڑھیں۔ یعنی (دا) آیئے مشق کیجئے




دَا


د

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ○ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

# قرآنی حروف مفردات کی ادائیگی کی پہچان

**طریقہ:** دوحرفی (تھوڑا سا کھینچ کر) ● تین حرفی (دوگنا کھینچ کر) ● الف، ھمزہ (بغیر کھینچے پڑھیں)

**زا کی ادائیگی میں:** زبان کی نوک کو، سامنے والے نیچے کے دو دانتوں کے کناروں سے مضبوطی سے لگا (باریک اور سیٹی جیسی آواز میں) پڑھیں۔ یعنی (زا)۔ آیئے مشق کیجئے




| | | |
|---|---|---|
| ز | زَا | |

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ○ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

# قرآنی حروف مفردات کی ادائیگی کی پہچان

**طریقہ:** دوحرفی (تھوڑا سا کھینچ کر) ● تین حرفی (دوگنا کھینچ کر) ● الف، ھمزہ (بغیر کھینچے پڑھیں)

**سین کی ادائیگی میں:** زبان کی نوک کو سامنے والے نیچے کے دو دانتوں کے کناروں سے مضبوطی سے لگا (باریک اور سیٹی جیسی آواز میں) پڑھیں۔ یعنی (**سین**)۔ آیئے مشق کیجئے


| | | |
|---|---|---|
| س | سِیْنْ |  |

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ○ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

# قرآنی حروف مفردات کی ادائیگی کی پہچان

**طریقہ:** دوحرفی (تھوڑا سا کھینچ کر) ● تین حرفی (دوگنا کھینچ کر) ● الف، ھمزہ (بغیر کھینچے پڑھیں)

**شین** کی ادائیگی میں: زبان کے درمیان کو، تالو کی طرف بلند کرتے ہوئے (باریک اور پھیلتی ہوئی آواز میں) پڑھیں۔ یعنی (**شین**)۔ آیئے مشق کیجئے

| | | |
|---|---|---|
| ش | شِیْنْ |  |


# بچوں کے لیے تجویدی قاعدہ

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ۝ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

## قرآنی حروف مفردات کی ادائیگی کی پہچان

**طریقہ:** دوحرفی (تھوڑا سا کھینچ کر) ● تین حرفی (دوگنا کھینچ کر) ● الف، ہمزہ (بغیر کھینچے پڑھیں)

**صاد** کی ادائیگی میں: زبان کی نوک کو، سامنے والے نیچے کے دو دانتوں کے کناروں سے مضبوطی سے لگا کر، اور زبان کے پچھلے حصے کو تالو کی طرف بلند کرتے ہوئے (موٹی اور سیٹی جیسی آواز میں) پڑھیں۔ یعنی (**صاد**)۔ آیئے مشق کیجئے


| | | |
|---|---|---|
| ص | صَآدْ |  |

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ○ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

# قرآنی حروف مفردات کی ادائیگی کی پہچان

**طریقہ:** دوحرفی (تھوڑا سا کھینچ کر) ● تین حرفی (دوگنا کھینچ کر) ● الف، ہمزہ (بغیر کھینچے پڑھیں)

**ضاد** کی ادائیگی میں: زبان کے پچھلے حصے کو، تالو کی طرف بلند کرتے ہوئے، زبان کے موٹے کنارے کو، اوپر والی داڑھوں کی جڑ پر، آہستہ آہستہ نرمی سے لگا کر (خوب موٹی اور دراز آواز میں) پڑھیں۔ یعنی (**ضاد**)۔ آیئے مشق کیجئے

| | | |
|---|---|---|
| ض | ضَادْ |  |